129688 ـ مختلف ممالك میں لیلۃ القدر کا اختلاف

سوال

کیا لیلۃ القدر سب مسلمانوں کے لیے ایك ہی رات میں ہوتی ہے یا کہ علاقے اور ملك مختلف ہونےکی بنا پر مختلف ہو گی ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

رات ایك ہی ہوگی چاہے علاقے مختلف ہوں، لہذا عرب ممالك میں غروب شمس کے وقت داخل ہوگی تو افریقہ میں بھی اسی دن کا سورج غروب ہونے پر شروع ہو جائیگی اور اسی طرح دوسرے ممالك میں بھی.

جب ایك قوم کے پاس سے ختم ہوگی تو دوسروں کےہاں شروع چاہے یہ بیس گھنٹوں سے بھی زائد پر مشتمل ہو تو یہ ان کی رات شمار ہوگی اور ان کی بھی رات، اور اس میں کوئی مانع نہیں کہ ان لوگوں کے ہاں فرشتے نزول کریں اور دوسروں کے ہاں بھی.